سوال

(507)9۔7۔5۔3وغیرہ کا اعتکاف نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا ۱۰ دن سے کم مثلاً9۔7۔5۔3وغیرہ کا اعتکاف نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے؟

(محمد امجد، میرپور)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صحیح بخاری میں ہے عمر بن خطاب... رضی اللہ عنہ... نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا میں نے مسجد حرام میں ایک رات اعتکاف کرنے کی نذر مانی ہے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ((أَوْفِ بِنَذْرِكَ)) ''اپنی نذر پوری کر۔''1 تو ثابت ہوا دس دن سے کم مدت کا اعتکاف درست ہے۔ ۳ ۱۱ ۱۴۲۰ھ

1.بخاری کتاب الاعتکاف باب الاعتکاف لیلاً، حدیث نمبر: ۲۰۳۲

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02ص442